www.dailytijartirahbar.com.pk
E-mail.Tijartirahbar@gmail.com

جاری شدہ 1947ء
Member APNS . CPNE
ABC CERTIFIED

041.2615524-2635524
CPL.NO 59

روزنامہ
تجارتی رہبر
فیصل آباد

مینجنگ ایڈیٹر عتیق الرحمٰن
ایڈیٹر: شاہد محمود 0300.7904948
قیمت 10 روپے

جلد 79 | منگل 20 ذی الحج 1446ھ 17 جون 2025ء | شمارہ 134

سودی کاروبار کرنے والوں کے ساتھ میری کھلی جنگ ہے
القرآن
نور

وفاقی محتسب۔۔۔دورہ ایئرپورٹ

وفاقی محتسب کے ازخودنوٹس کے تحت علاقائی محتسب کا فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ

فیصل آباد(اے پی پی)وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ازخودنوٹس کے تحت علاقائی محتسب فیصل آباد نے انسپکشن ٹیم کے ہمراہ پیر کے روز فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا۔تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے فیصل آباد انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر ون ونڈو فسیلیٹیشن ڈیسک پر مسافروں کی جانب سے بدانتظامی ودیگر شکایات ملنے پرازخودنوٹس لیتے ہوئے علاقائی محتسب آفس کے ایڈوائزروانچارج شاہد حسین جیلانی کو فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی انسپکشن کی ہدایات جاری کیں جس پر عمل کرتے ہوئے ایڈوائزروانچارج شاہد حسین جیلانی نے ڈپٹی رجسٹرار یاسر شبیر ملک اور اپنی ٹیم کے ہمراہ ایئرپورٹ کا دورہ کیا۔شاہد حسین جیلانی نے اس موقع پر اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ازخودنوٹس کے تحت مسافروں کی جانب سے ایئرپورٹ کے کچھ امور کی سرانجام دہی میں بدانتظامی کی شکایات تھیں جن کے ازالے اور ایئر پورٹ پر مسافروں کو دستیاب سہولیات کا جائزہ لینے اور انکی بہتری کیلئے یہ دورہ کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ گذشتہ سال بھی وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پردورہ کیا تھا جس پر مسافروں کی جانب سے کچھ مسائل کی نشاندہی کی گئی جس پر انتظامیہ نے کافی معاملات کو بہتر کرلیا ہے تاہم چند امور میں مسائل ہیں جن کے حل کیلئے ایئرپورٹ انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایئرپورٹ پر نیشنل اور انٹرنیشنل پروازوں کیلئے مزید گنجائش موجود ہے جسے وہ وفاقی حکومت کو سفارشات ارسال کریں گےاور وہ امید کرتے ہیں کہ حکومت اس مسئلہ پر خصوصی توجہ دے گی۔اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر وائیرپورٹ منیجر تسنیم اختر جمیل نے ون ونڈو فسیلیٹیشن ڈیسک،پولیو کاؤنٹر،نادرا کاؤنٹر،اے این ایف جوائنٹ سرچ کاؤنٹر،امیگریشن ڈیسک،اوورسیز پاکستانی کاؤنٹر،معلومات کاؤنٹر،شکایات بکس،ڈومیسٹک اورانٹرنیشنل پروازوں کے شیڈول اور دیگر تمام معاملات بارے بریفنگ دی جس پر شاہد حسین جیلانی نے اطمینان کا اظہار کیا۔علاقائی محتسب نے میڈیا کے ہمراہ ایئرپورٹ کے تمام شعبوں کا معائنہ کیا اور ہر ڈیسک اور کاؤنٹر پر موجود عملہ سے انکے فرائض اور مسافروں سے متعلقہ سہولیات بارے تفصیل سے دریافت کیا۔علاوہ ازیں انہوں نے مسافروں کے سامان اور انکی سکیننگ کے معاملات بارے بھی بتایا۔ایڈوائزرانچارج علاقائی محتسب نے ائیر پورٹ پر موجود مسافروں سے ائیرپورٹ پر دستیاب سہولیات بارے بھی دریافت کیا۔اس موقع پر ایف آئی اے حکام نے مسافروں اورائیرپورٹ سے متعلق اپنے فرائض کے بارے میں علاقائی محتسب کو آگاہ کیا۔ایڈوائزروانچارج شاہد حسین جیلانی نے ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کے آفیسرز سے ممنوعہ اشیا کے بارے سوال کیا جس پرانہوں نے بتایا کہ ممنوع اشیا کی لسٹ مقرر کردہ مقام پر آویزاں ہے تاہم مسافروں کے اس بارے مزید دریافت کرنے اور معلومات لینے پر اس بارے تمام مطلوبہ معلومات فراہم کر دی جاتی ہیں۔

☆......☆......☆ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆......☆......☆

DAILY HIT LIST LAHORE

Dailyhitlistlahore@yahoomail.com

روزنامہ ہٹ لسٹ لاہور

چیف ایڈیٹر
راشد محمود چوہدری

ڈپٹی ایڈیٹر
طاہر رضا انصاری

چیف ایگزیکٹو
جی ایم قادری

میاں باسط عزیز خان جھیڈو ریجنل ہیڈ/ انچارج وفاقی محتسب آفس بہاولپور نے ایکسئین آفس میپکو حاصل پور میں OCR پروگرام کے تحت مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام کی شکایات کی سماعت کی

چشتیاں (رانا شاہد عظیم سے) میاں باسط عزیز خان جھیڈو ریجنل ہیڈ/ انچارج وفاقی محتسب آفس بہاولپور نے ایکسئین آفس میپکو حاصل پور میں OCR پروگرام کے تحت مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام کی شکایات کی سماعت کی تفصیلات کے مطابق ایڈوائزر/ انچارج ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب آفس بہاولپور میاں باسط عزیز خان جھیڈو نے ایکسئین آفس میپکو حاصلپور میں مورخہ 16 جون بروز سوموار OCR پروگرام کے تحت مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام کی 45 شکایات کی سماعت کی اور سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی محکموں کے نمائندگان کو ہدایات جاری کیں، اور کہا کہ وفاقی محکمے غریب عوام کے ساتھ تعاون کریں ، ظلم و زیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جا※ گی۔ میپکو کے صارفین کو ڈیٹکشن اور زائد چارج کئے گئے بلوں کو فوری درست کرنے کے احکامات جاری کئے اور 5 ڈیفیکٹو میٹرز تبدیل کروا دیئے ۔ ایک ٹرانسفارمر اپ گریڈ کروا دیا، اور ایک خستہ پول فوری تبدیل کروا دیا۔ ایڈوائزر باسط عزیز خان نے محکموں کو وفاقی محتسب کے فیصلوں پر فوری عملدرآمد کا حکم جاری کیا، جس پر سائلین نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اور ایڈوائزر/ انچارج ریجنل ہیڈ میاں باسط عزیز خان جھیڈو کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔